# Visit of Minister of State for External Affairs and Culture Smt. Meenakashi Lekhi to Uzbekistan and Switzerland (September 23-30, 2021)

September 22, 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ وثقافت محترمہ میناکشی لیکھی کا ازبکستان اور سوئٹزرلینڈ کا دورہ (23-30 ستمبر، 2021)

22 ستمبر، 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ وثقافت (ایم او ایس) میناکشی لیکھی 23-30 ستمبر 2021 تک جمہوریہ ازبکستان اور سوئس کنفیڈریشن کا سرکاری دورہ کریں گی۔

2- 23 سے 26 ستمبر تک اپنے ازبکستان کے دورے کے دوران، وزیر مملکت ازبکستان کے وزیر خارجہ عالی جناب عبد العزیز کامیلوف اور وزیر ثقافت عالی جناب اوزودبیک نذر بیکوف سے ملاقات کریں گی۔ وہ تاشقند اسٹیٹ یونیورسٹی آف لاء میں "ہندوستان کی جمہوری روایات" کے موضوع پر لیکچر دیں گی۔ وہ تاشقند میں ہندوستانی کمیونٹی کے ارکان کے ساتھ بھی بات چیت کریں گی، اور تاشقند اسٹیٹ انسٹی ٹیوٹ آف اورینٹل اسٹڈیز اور دیگر اداروں کے ممتاز انڈولوجسٹس سے ملاقات کریں گی۔ وزیر مملکت 'آزادی کا امرت مہوتسو' تقریبات کی مناسبت پر بخارا اسٹیٹ یونیورسٹی کے طلباء سے خطاب کریں گي، اور اس کے ساتھ ساتھ سمرقند اسٹیٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ میں ہندوستانی طلباء سے بات چیت گریں گی۔

3- 27 سے 30 ستمبر تک سوئٹزرلینڈ کے دورے کے دوران، وزیر مملکت سوئٹزرلینڈ کے وزارت خارجہ میں (وزیر خارجہ) وفاقی کونسلر عالی جناب ڈاکٹر اگنازیو کیسیس کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گی، اور اس کے ساتھ ساتھ وہ سوئٹزرلینڈ کے وزارت داخلہ اور ثقافت کے وفاقی کونسلر جناب ایلین برسیٹ سے بھی بات چیت کریں گی۔ وزیر مملکت افتتاحی این زیڈ زیڈ امپیکٹ فایننانس کانفرنس سے "ابھرتی ہوئی مارکیٹوں میں انفراسٹرکچر- ترقی اور حقیقی اثرات کا ایک انجن" کے موضوع پر خطاب کریں گے، اور اس کے ساتھ ساتھ سوئس انڈیا چیمبر آف کامرس کی سالانہ جنرل میٹنگ سے بھی خطاب کریں گي۔ وزیر مملکت انڈو سوئس کمیونٹی کے ساتھ بھی بات چیت کریں گی اور جنیوا میں بین الاقوامی برادری کے ارکان سے ملاقات کریں گی۔

4۔ ہندوستان کی ازبکستان اور سوئٹزرلینڈ دونوں کے ساتھ قریبی اور دوستانہ تعلقات رہے ہیں۔ وزیر مملکت کا دورہ ان دونوں ممالک کے ساتھ ہمارے دوطرفہ تعلقات میں رفتار کو برقرار رکھنے میں معاون ثابت ہوگا۔

**نئی دہلی**

**22 ستمبر، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.